SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
March 1, 2017
For immediate release

انوسٹرا ایجو یشن ملکیتی کاروبار کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی اور ہائرایجوکیشن کمیشن مل کر کام کریں گے

کراچی (یکم مارچ) سرمایہ کاری اور مالیاتی نظم سے متعلق آگہی کے لئے سیکورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے پروگرام، جمع پونجی نے ہائرایجوکیشن کمیشن پاکستان کے تعاون سے کراچی ریجن کی یونیورسٹیوں کے پروفیشنلز کے لئے آگہی سمینار منعقد کیا۔

ہائرایجوکیشن کمیشن کے کراچی ریجن میں منعقد ہونے والے سیمنار میں یونیورسٹیوں کے ریسرچ ڈیپارمنٹ کے سربراہان نے شرکت کی۔ ایس ای سی پی کے ماہرین نے شرکاء کو کاروبار کی رجسٹریشن کروانے کے طریق کار، میوچل فنڈز، کاروبار شروع کرنے کے لئے سرمائے کے حصول اور ایس ای سی پی کی ریگولیٹری فریم ورک پر بریفنگ دی۔ پاکستان اسٹاک ایکس چینج کے ماہرین نے کیپٹل مارکیٹ اور اس میں سرمایہ کاری اور سٹاک مارکیٹ سے چھوٹے کاروبار کے لئے سرمائے کے حصول کے حوالے سے آگاہ کیا۔

ایس ای سی پی کے ماہرین نے کمپنی رجسٹریشن کے آن لائن طریق کار اور فاسٹ ٹریک طریقے سے کمپنی رجسٹرڈ کروانے کے بارے میں بھی بتایا۔ شرکا کو سنگل ممبر کمپنی کی رجسٹڑیشن اور اس کے فوائد بھی بنائے گئے۔ شرکا نے مختلف سوالات کئے اور پاکستان میں نجی کاروبار کے لئے موجود قوانین اور ریگولیٹری فریم ورک کو سراہا۔ سمینار میں سر آغاخان یونیورسٹی، انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈ مینسٹریشن، داود یونیورسٹی آف انجنئرینگ، سندھ زرعی یونیورسٹی، ٹنڈوجام یونیورسٹی آف سندھ، یونیورسٹی آف جام شورو اور دیگر جامعات کے ریسرچ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہان نے شرکت کی۔ آخر میں شرکا نے مالیاتی امور پر آگہی کے لئے سمینار منعقد کرنے پر ایس ای سی پی کو سراہا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254